پریس ریلیز

گوجرانوالہ 30 مئی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب، سینئر نائب صدر حمیس گلزار مغل اور نائب صدر عادل ندیم نے مشترکہ بیان میں کہا کہ الحمدللہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی کاوشیں رنگ لے آئیں۔ گوجرانوالہ موٹروے لنک جس کا اگلے ماہ افتتاح ہونے جا رہا ہے۔ جو کہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی موجودہ رجیم کی بہترین کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ گوجرانوالہ کو موٹروے سے لنک دیا جائے اس اہم منصوبے کیلئے گوجرانوالہ چیمبر نے نہ صرف صوبائی بلکہ وفاقی سطح پر تمام اہم فورمز پر اس منصوبے کے متعلق اپنی آواز کو بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کے حصول کیلئے بیشمار میٹنگز لاہور و اسلام آباد میں منعقد ہوئیں جس میں گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کی طرف سے اس منصوبے کی داغ بیل ڈالنے والے سابق صدر چیمبر عمر اشرف مغل نے نمائندگی کی عمر اشرف مغل نے موٹروے لنک کے حوالے سے نہ صرف تمام میٹنگز میں شمولیت کی بلکہ ان میٹنگز میں منصوبے کے متعلق شرکاء کو اس پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ دیکر اس کامیابی کو حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے لنک کے حصول کیلئے بلاشبہ گوجرانوالہ چیمبر کی سابق رجیم خصوصاً سابق صدر چیمبر محمد شعیب بٹ نے بھی بھرپور کردار ادا کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں اپنے تمام سینئرز کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں جن کی راہنمائی سے ہم اس منصوبے کے حصول میں کامیاب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے لنک گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کیلئے اس لئے بھی ضروری تھا گوجرانوالہ مین کمیونیکیشن سٹریم سے ہٹ گیا تھا۔ اس لنک کے بننے سے گوجرانوالہ لاہور کا فاصلہ کم ہو جائے گا اور اس طرح گوجرانوالہ M-11 سے کنکٹ ہو گا اور مستقبل میں ہم M-2 سے بھی منسلک ہو جائیں گے۔ اس لنک کے بننے سے کاروبار پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ گوجرانوالہ کے اور بھی کئی پراجیکٹ ہیں جن پر گوجرانوالہ چیمبر مکمل ہم آہنگی اور تسلسل کے ساتھ کام کر رہا ہے بہت جلد بزنس کمیونٹی کو مزید منصوبوں کے متعلق بھی خوش خبری سنائی جائے گی۔